ایم کیوایم کا نصب العین ہے کہ دکھی انسانیت کی بلاتفریق بے لوث خدمت کی جائے، ارکان رابطہ کمیٹی

متاثرہ خاندانوں میں لاکھوں روپے مالیت کی روزمرہ استعمال کی اشیاء آٹا، دالیں، خشک دودھ، گھی، تیل بسکٹ سمیت طبی ادویات تقسیم

متاثر خاندانوں کا ایم کیوایم کی جانب سے فراہم کی جانیوالی امداد پر جناب الطاف حسین سے اظہار تشکر، درازی عمر، صحت اور تندرستی کیلئے دعائیں

میرپورخاص جناح ہال میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت قائم میڈیکل فیلڈ اسپتال،

جھڈو سیکٹر راجپوت ہال اور قائم خانی ہال میں قائم میڈیکل کیمپوں کا دورہ

میرپورخاص۔۔۔4 اکتوبر، 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر اندرون سندھ میں حالیہ طوفانی بارشوں کے نتیجے میں آنیوالے سیلاب زدگان کی امداد اور بحالی کے سلسلے میں امدادی سرگرمیاں مسلسل جاری ہے۔ اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی اور شاکر علی نے میرپورخاص جناح ہال میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت قائم میڈیکل فیلڈ اسپتال کا دورہ کیا اور وہاں پر مریضوں کو دی جانیوالی طبی سہولیات معائنہ بھی کیا۔ انہوں نے فرداً فرداً فیلڈ اسپتال میں زیر علاج مریضوں کی عیادت اور ان خیریت دریافت کی۔ اس موقع پر اندورن سندھ تنظیمی کمیٹی کے رکن اور سابق حق پرست صوبائی وزیر زبیر احمد، رکن سندھ اسمبلی فہیم الطافی، ایم کیوایم میرپورخاص زون کے انچارج عظیم دانش وار اکین زونل کمیٹی بھی انکے ہمراہ تھے۔ انہوں نے فیلڈ اسپتال میں رضا کارانہ طور پر خدمات انجام دینے والے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، عملے کے دیگر ارکان سے ملاقات کی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ بعدازاں انہوں نے میرپورخاص جھڈو سیکٹر راجپوت ہال اور قائم خانی ہال کا دورہ کیا اور وہاں پر زیر علاج مریضوں سے ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ انہوں نے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، عملے کے دیگر ارکان کی جانب سے مریضوں کو فراہم کی جانیوالی سہولیات کا جائزہ لیا اور رات دن میڈیکل کیمپوں میں خدمات انجام دینے پر انہیں شاباش پیش کی۔ انہوں نے متاثرہ خاندانوں میں لاکھوں روپے مالیت کی روزمرہ استعمال کی اشیاء آٹا، دالیں، خشک دودھ، گھی، تیل بسکٹ سمیت طبی ادویات بھی تقسیم کیں۔ قبل ازیں انہوں نے میرپورخاص جھڈو سیکٹر میں عمائدین شہر سمیت پرنٹ والیکٹرونک میڈیا سے تعلق رکھنے والے صحافیوں سے ملاقات کی اور انہیں ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے اندرون سندھ میں طوفانی بارشوں کے نتیجے میں آنیوالے سیلاب میں متاثرین کی امدادی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے متاثرین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کا نصب العین ہے کہ دکھی انسانیت کی بلاتفریق بے لوث خدمت کی جائے اور ان ہر ممکن مدد کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران، ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ماہر ڈاکٹرز ، پیرامیڈیکل اسٹاف، عملے کے دیگر ارکان، حق پرست عوامی نمائندے، ایم کیوایم کے ذمہ داران اور کارکنان انسانیت کے جذبے تحت مصیبت کی اس گھڑی میں اندرونِ سندھ میں طوفانی بارشوں اور سیلاب زدگان کی امداد اور بحالی کے کاموں کو ہنگامی بنیادوں پر انجام دے رہی۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت کے مطابق سندھ میں اب تک کرڑوں روپے مالیت کی غذائی اجناس اور طبی ادویات کو متاثرین میں تقسیم کی جا چکی ہیں۔ انہوں نے ایم کیوایم نے انسانیت کی فلاح و بہبود کیلئے جو کام کئے ہیں اس سے سندھ کی عوام اچھی طرح واقف ہیں۔ اس موقع پر متاثرہ خاندانوں نے ایم کیوایم کی جانب سے فراہم کی جانیوالی امداد پر قائد تحریک جناب الطاف حسین سے تشکر کا اظہار کیا اور ان کی درازی عمر صحت و تندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

☆☆☆☆☆